روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 6راگست 2008ء 3 شعبان 1429 ہجری 6 ظہور 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 179

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر ایک قسم کے خوارق اور معجزات حاصل تھے۔ہم آپؐ کی شان کیا بیان کریں۔جس طرف دیکھو' بے شمار معجزات ملیں گے۔ ہر سہ اقسام بالا کے معجزات ملیں گے۔ ہر سہ اقسام بالا کے معجزات کا آپؐ مجموعہ تھے۔ظاہری خوارق مثل شق القمر وغیرہ' دیگر معجزات جن کی تعداد تین ہزار سے بھی زائد ہے۔معارف اور حقائق کے معجزات سے تو سارا قرآن شریف لبریز ہے جو ہر وقت تازہ اور نئے ہیں اور بلحاظ اخلاقی معجزات کے خود آپ کا وجود مقدس **انک لعلی خلق عظیم** (القلم:5) کا مصداق ہے۔قرآن کریم اپنے اعجاز کے ثبوت میں **ان کنتم فی ریب مما نزلنا علی**.............. (البقرہ:24) کہتا ہے یہ معجزات روحانی ہیں۔جس طرح وحدانیت کے دلائل دیئے ہیں۔ اسی طرح پر اس کی حکمت' فصاحت' بلاغت کی مثل لانے پر بھی انسان قادر نہیں۔دوسرے مقام پر فرمایا: **لئن اجتمعت الانس والجن علی**.............. (بنی اسرائیل:89)

غرض روحانی معجزات کے بارہ میں کوئی یہ خیال نہ کرلے کہ یہ......کا زعم اور خیال باطل ہے۔آجکل کے نیچری نہیں بلکہ (وہ لوگ جو) خلاف نیچر (ہیں) یہ نہیں مانتے کہ فصاحت وبلاغت قرآن شریف کا معجزہ ہے۔سید احمد نے بھی ٹھوکر کھائی ہے اور وہ اس کی فصاحت وبلاغت کو معجزہ نہیں مانتے۔جب ہم یاد کرتے ہیں تو ہم کو افسوس ہوتا ہے کہ سید احمد نے معجزات سے انکار کیا ہے۔سید صاحب کسی طور سے معجزہ نہیں مان سکتے۔کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ ایک معمولی درجہ کا آدمی یا اعلیٰ درجہ کا آدمی بھی نظیر بنا سکتا ہے' مگر افسوس تو یہ ہے کہ وہ اتنا نہیں جانتے کہ قرآن مجید لانے والا وہ شان رکھتا ہے کہ **یتلوا صحفا**...... (البینة:3`4) ایسی کتاب جس میں ساری کتابیں اور ساری صداقتیں موجود ہیں۔کتاب سے مراد اور عام مفہوم وہ عمدہ باتیں ہیں جو بالطبع انسان قابل تقلید سمجھتا ہے۔

قرآن شریف حکمتوں اور معارف کا جامع ہے اور وہ رطب ویابس فضولیات کا کوئی ذخیرہ اپنے اندر نہیں رکھتا۔ہر ایک امر کی تفسیر وہ خود کرتا ہے اور ہر ایک قسم کی ضرورتوں کا سامان اس کے اندر موجود ہے۔وہ ہر ایک پہلو سے نشان اور آیت ہے۔اگر کوئی اس امر کا انکار کرے تو ہم ہر پہلو سے اس کا اعجاز ثابت کرنے اور دکھلانے کو تیار ہیں۔آجکل توحید اور ہستی الٰہی پر بہت زور آور حملے ہو رہے ہیں۔......ہم دعوے سے کہتے ہیں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی ہستی اور وجود پر قلم اٹھائے گا۔اس کو آخر کار اسی خدا کی طرف آنا پڑے گا۔جو......نے پیش کیا ہے۔کیونکہ صحیفہ فطرت کے ایک ایک پتے میں اس کا پتہ ملتا ہے اور بالطبع انسان اسی خدا کا نقش اپنے اندر رکھتا ہے۔غرض ایسے آدمیوں کا قدم جب اٹھے گا۔وہ......ہی کے میدان کی طرف اٹھے گا۔یہ بھی تو ایک عظیم الشان اعجاز ہے۔

اگر کوئی شخص قرآن کریم کے اس معجزہ کا انکار کرے تو ایک ہی پہلو سے ہم آزما لیتے ہیں۔یعنی اگر کوئی شخص قرآن کریم کو خدا تعالیٰ کا کلام نہیں مانتا۔تو اس روشنی اور سائنس کے زمانہ میں ایسا مدعی خدا تعالیٰ کی ہستی پر دلائل لکھے بالمقابل ہم وہ تمام دلائل قرآن کریم ہی سے نکال کر دکھلا دیں گے۔پھر وہ ایسے دلائل کا دعویٰ کر کے لکھے جو قرآن کریم میں نہیں پائے جاتے یا ان صداقتوں اور پاک تعلیموں پر دلائل لکھے جن کی نسبت اس کا خیال ہو کہ وہ قرآن کریم میں نہیں ہیں تو ہم ایسے شخص کو واضح طور پر دکھلا دیں گے کہ قرآن شریف کا دعویٰ **فیھا کتب قیمة** (البینة:4) کیسا سچا اور صاف ہے' اور یا اصل وفطرتی مذہب کی بابت دلائل لکھنا چاہے تو ہم ہر پہلو سے قرآن کریم کا اعجاز ثابت کر کے دکھلا دیں گے اور بتلا دیں گے کہ تمام صداقتیں اور پاک تعلیمیں قرآن کریم میں موجود ہیں۔

(ملفوظات جلد اول ص51)

نہایت پُرکشش

آنحضرت ﷺ ہجرت مدینہ کے سفر کے دوران ایک خاتون ام معبد کے خیمہ کے پاس کچھ دیر ٹھہرے۔رسول اللہؐ کے تشریف لے جانے کے بعد ام معبد کا خاوند گھر آیا تو اس نے آپؐ کی کیفیت بیان کرتے ہوئے کہا۔

وہ شخص نہایت خوبرو اور حسین تھا۔لوگوں میں حسین ترین تھا اس کی شخصیت نہایت بارعب تھی مگر قریب سے دیکھنے پر نہایت پُرکشش اور شیریں بیان تھا۔اور اپنے ساتھیوں کے درمیان سرسبز شاخ کی طرح نظر آتا تھا۔وہ مرجع خلائق تھا اور لوگ اس کی خدمت کرنے میں فخر محسوس کرتے تھے۔

(دلائل النبوة بیہقی حدیث ام معبد جلد1 صفحہ :278)

ماہر امراض کینسر کی آمد

مکرم ڈاکٹر عطاء الرحمٰن صاحب معاذ MRCP.CH. (UK) بچوں کے امراض کینسر کے ماہر جو کہ شوکت خانم کینسر ہسپتال لاہور میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں ،مورخہ 9اور 10راگست 2008ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریض بچوں کا معائنہ کریں گے۔معائنہ بیگم زبیدہ بانی ونگ میں ہوگا۔احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ جن کے بچے اس بیماری یا پھر دیگر امراض میں مبتلا ہیں ڈاکٹر صاحب کی خدمات سے استفادہ کے لئے ہسپتال تشریف لاکر پرچی روم سے اپنی پرچی بنوالیں۔مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

انجینئرنگ اداروں میں انٹری ٹیسٹ

یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور نے پنجاب کے انجینئرنگ اداروں میں داخلہ کیلئے Combined انٹری ٹیسٹ کا اعلان کیا ہے۔یہ انٹری ٹیسٹ تمام بیچلرز انجینئرنگ پروگرام کے لئے ضروری ہے۔ یہ ٹیسٹ مورخہ 24راگست 2008ء کو صبح 10 بجے درج ذیل سنٹرز پر ہوگا۔لاہور، ٹیکسلا ، ملتان ، بہاولپور، فیصل آباد، گوجرانوالہ، کراچی، پشاور اور کوئٹہ ۔ انٹری ٹیسٹ فارم درج بالا سنٹرز سے یکم اگست 2008ء سے دستیاب ہیں جس سنٹر سے فارم حاصل کیا جائے گا وہاں پر ہی جمع کروانا ہوگا اور ٹیسٹ بھی اسی سنٹر میں لیا جائے گا۔انٹری ٹیسٹ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 20 اگست 2008ء ہے۔ ٹیسٹ میں شامل ہونے کے لئے F.Sc پری انجینئرنگ یا اس کے برابر ڈگری میں 60% نمبر حاصل کرنے ضروری ہیں۔ انٹری ٹیسٹ فارم جمع کرواتے وقت اصل ڈومیسائل دکھانا ضروری ہے۔ اس لئے جن طلبہ نے ابھی تک ڈومیسائل نہیں بنوایا وہ جلد از جلد یہ بنوالیں تاکہ بعد میں مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ ڈان مورخہ 29 جولائی 2008ء ملاحظہ کریں یا درج ذیل ویب سائٹ اور فون نمبر پر رابطہ کریں۔

042-9029216,9029452,9029470

www.uet.edu.pk

(نظارت تعلیم)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

نمبر 4

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث۔ حالات اور خدمات

(عہد خلافت کے اہم واقعات۔ سوال و جواب کی شکل میں)

سوال: حضور نے خدام الاحمدیہ کو یہ ماٹو کب دیا کہ ''تیری عاجزانہ راہیں اُس کو پسند آئیں'' (الہام حضرت مسیح موعود)
جواب: 20دسمبر 1965ء کو۔
سوال: فضل عمر فاؤنڈیشن اور وقف بعد ریٹائرمنٹ کی تحریک کا اعلان کب فرمایا۔
جواب: 21دسمبر 1965ء جلسہ سالانہ کے موقع پر فضل عمر فاؤنڈیشن کی تحریک کا اعلان فرمایا۔ اسی جلسہ پر حضور نے وقف بعد ریٹائرمنٹ کی تحریک بھی فرمائی۔
سوال: حضرت مسیح موعود کا الہام ''بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے'' کب پورا ہوا۔
جواب: حضرت مسیح موعود کی پیشگوئی کے مطابق گیمبیا کے احمدی گورنر جنرل سر ایف ایم سنگھاٹے نے 1965ء میں حضور سے حضرت مسیح موعود کا کپڑا عنایت کرنے کی درخواست کی جو انہیں بھجوا دیا گیا۔
سوال: دی مسلم ہیرلڈ کا اجرا کب ہوا۔
جواب: 1965ء میں لندن سے۔
سوال 1966ء کے آغاز میں حضور کے عظمت قرآن پر خطبات کس عنوان سے شائع ہوئے۔
جواب: ''انوار روحانی'' کے نام سے۔
سوال: تحریک ''تعلیم القرآن'' کا اعلان کب فرمایا۔
جواب: 4فروری 1966ء کو۔
سوال: تحریک ''وقف عارضی'' کا اعلان کب فرمایا۔
جواب: 18مارچ 1966ء کو۔
سوال: تحریک جدید کے دفتر سوم کا اجرا کب فرمایا۔
جواب: 22/اپریل 1966ء کو۔ (لیکن حضور نے فرمایا کہ اس کا آغاز یکم نومبر 1965ء سے سمجھا جائے گا تا کہ یہ حضرت مصلح موعود کے دور سے منسوب ہو)
سوال: حضور اپنے پہلے دورہ یورپ کے دوران کب اور کن ممالک میں تشریف لے گئے۔
جواب: 1966ء میں۔ مغربی جرمنی، سوئٹزرلینڈ، ہالینڈ، ڈنمارک۔
سوال: ڈنمارک میں جماعت احمدیہ کی پہلی بیت الذکر کا سنگ بنیاد کب اور کس نے رکھا۔
جواب: 6مئی 1966ء کو صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب نے سنگ بنیاد رکھا۔
سوال: ''فضل عمر فاؤنڈیشن'' کی عمارت کا سنگ بنیاد کب رکھا گیا۔
جواب: 16/اگست 1966ء کو۔
سوال: حضور نے وقف جدید میں دفتر اطفال کا قیام کب فرمایا۔
جواب: 7/اکتوبر 1966ء کو۔
سوال: بیت اقصیٰ کا سنگ بنیاد کب رکھا گیا۔
جواب: 28/اکتوبر 1966ء کو۔
سوال: حضور نے بیت اللہ کی تعمیر کے تیئس عظیم الشان مقاصد کے عنوان سے متعدد خطبات کب ارشاد فرمائے۔
جواب: 31مارچ تا 16جون 1967ء۔
سوال: حضور نے بدرسومات اور بدعات کے خلاف جہاد کا اعلان کب فرمایا۔
جواب: 9ستمبر 1967ء کو۔
سوال: حضور نے یورپ کا پہلا دورہ کب فرمایا اور اس دوران کن مشنوں کا معائنہ کیا۔
جواب: 1967ء میں دورہ فرمایا اور لندن، گلاسکو (برطانیہ)، کوپن ہیگن (ڈنمارک) اوسلو (ناروے)، سٹاک ہوم (سویڈن) کے مشنوں کا معائنہ فرمایا۔
سوال: حضور کو یورپ کے دورہ کے دوران سوئٹزرلینڈ کے شہر زیورک میں کب اور کون سا الہام ہوا۔
جواب: 1967ء میں یہ الہام ہوا۔ مُبَارِکٌ وَّمُبَارَکٌ وَّکُلُّ اَمْرٍ مُبَارَکٌ یُّجَعَلُ فِیْہِ.
سوال: حضور نے تحریک ''اتحاد بین المسلمین'' کب فرمائی۔
جواب: 1967ء میں۔
سوال: حضور نے عرب وار ریلیف فنڈ میں جماعت کی طرف سے کتنا اور کب عطا فرمایا۔
جواب: 1967ء میں پندرہ ہزار روپے۔

خلافت باعث تمکین دین ہے

حکومت نہ تو کوئی بادشاہت جو دے گی عدل تو دے گی خلافت
یہ ہے تکمیل شرعِ دیں کا موجب خلافت ہے نبوت کی نیابت
نصیبوں میں فقط ہے صالحیں کے خلافت مومنوں کی ہے وراثت
خلافت باعثِ تمکینِ دیں ہے اسی سے پائے گا ایمان طاقت
وہ قائم ہو چکی سو سال پہلے کہ جس کی تھی نوشتوں میں بشارت
یہی عروہ یہی حبل اللہ ہے ہے پنہاں اس میں ہی امت کی وحدت
جنہوں نے اس کو اپنی ڈھال جانا انہی کو ہے حفاظت کی ضمانت
مقدر ان کا ہے گردابِ ظلمت کریں وہ جس قدر بھی اب ریاضت
خدا کا فضل ہے ہم آخریں پر ہمیں بخشی گئی ہے یہ سعادت
نہیں اشعار کی بازی گری سے جھکیں گے سر تو پھر ہو گی اطاعت
لب مسرور نے مژدہ سنایا رہے گی تا قیامت اب خلافت
اگر خواہی دلیلِ عاشقش باش خلافت ہست برہان خلافت
نبھائیں گے ظفرؔ عہدِ وفا کو
کیا ہے جو سرِ تختِ خلافت

مبارک احمد ظفرؔ

نیکی کا اولین موقعہ

سیدنا حضرت مصلح موعود نے تحریک جدید کی ایک مالی تحریک پیش کرتے ہوئے فرمایا:۔

''یاد رکھو یہ غفلت اور سستی کا زمانہ نہیں ہے۔ یہ خیال مت کرو کہ اگر آج نہیں تو کل ثواب کا موقعہ مل جائے گا۔ رسول کریمؐ کی پیشگوئی ہے کہ ایک زمانہ ایسا آئے گا جب توبہ قبول نہیں کی جائے گی اور یہ مسیح موعود کے زمانے کے متعلق ہی ہے۔ پس ڈرو اس دن سے کہ جب تم کہو گے کہ ہم مال و جان دینا چاہتے ہیں مگر جواب ملے کہ اب قبول نہیں کیا جا سکتا۔''

(مطالبات صفحہ 50)

اس ارشاد کی روشنی میں مخلصین کو چاہئے کہ اولین وقت میں تحریک جدید کا وعدہ پیش کریں اور اولین وقت میں اس کو ادا کرنے کی کوشش فرمائیں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید ربوہ)

انٹرویو برائے داخلہ مدرسۃ الظفر

مدرسۃ الظفر وقف جدید میں داخلہ کیلئے تحریری ٹیسٹ و انٹرویو مورخہ 17/اگست 2008ء کو بوقت 9:00 بجے صبح دفتر وقف جدید میں ہوگا۔ داخلہ کے خواہشمند جو ابھی تک درخواستیں نہیں بھجوا سکے وہ اپنی درخواستیں صدر صاحب/امیر صاحب جماعت کی تصدیق کے ساتھ جلد از جلد ناظم ارشاد وقف جدید کے نام ارسال کریں۔ امیدواران انٹرویو سے دو روز قبل تک اپنی تعلیمی اسناد/سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی دفتر میں جمع کروا دیں۔ تا کہ ان کا نام لسٹ میں شامل کیا جا سکے۔ انٹرویو کے وقت اصل اسناد ہمراہ لائیں۔ آمد و رفت کے اخراجات نیز انٹرویو میں کامیاب ہونے کی صورت میں میڈیکل کے اخراجات امیدوار کو خود برداشت کرنا ہوں گے۔

(ناظم ارشاد وقف جدید)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے خوابوں کی تعبیر اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کی راہنمائی کا نادر نمونہ

طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ کی گزشتہ چند ماہ کی مساعی جمیلہ

پاکستان کا بہترین کارڈیک ہسپتال جہاں شفاء بانٹنے کے ساتھ ساتھ خدمت خلق بھی کی جاتی ہے

رپورٹ: فخرالحق شمس صاحب

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے نام مبارک سے منسوب اور سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی زیر ہدایات کے تحت تعمیر ہونے والا طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ چھ منزلوں پر مشتمل ہے اور ایک لاکھ 20 ہزار 457 مربع فٹ مسقف حصہ پر پھیلا ہوا ہے۔ اس کا شعبہ آؤٹ ڈور 15 ستمبر 2007ء سے مریضوں کے لئے کھولا گیا۔ اس شعبہ میں 30 جون 2008ء تک 20 ہزار 235 مریض استفادہ کر چکے ہیں اور 7 ہزار 500 سے زائد مریضوں نے رجسٹریشن کرائی ہے۔ یکم اکتوبر 2007ء سے ان ڈور (Indoor) مریضان اور ایمرجنسی شعبہ کا آغاز ہوا۔ ایمرجنسی میں 4 ہزار 158 اور CCU میں ایک ہزار 146 مریض داخل کئے گئے۔ 15 نومبر 2007ء سے ڈائیگناسٹک اینڈ انٹرونشنل پروسیجرز (انجیوگرافی، انجیو پلاسٹی اور پیس میکر Pace Maker) کی سہولیات کا آغاز ہوا اور ان پروسیجرز یعنی انجیوگرافی، انجیو پلاسٹی اور پیس میکر کے تحت ہونے والے آپریشنز کی تعداد اس وقت تک خداتعالیٰ کے فضل سے 527 سے زائد ہو چکی ہے۔

پاکستان کے چند بڑے دل کے ہسپتالوں میں شمار ہونے والے طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ نے اتنے کم وقت میں بہت تیزی سے ترقی کی ہے اور یہ سلسلہ جاری وساری ہے اور صرف ترقی کی منازل ہی طے نہیں کیں بلکہ معیاری آلات اور سامان کی وجہ سے پاکستان بھر میں بہت جلد شہرت حاصل کر چکا ہے۔ اسی لئے پاکستان کے دور ونزدیک کے چھوٹے بڑے شہروں سے مریض یہاں آتے ہیں اور شفا پا کر جاتے ہیں۔ یہ تمام کامیابی اللہ تعالیٰ کے خاص فضل، حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی دعاؤں، براہ راست نگرانی، اس پراجیکٹ کے لئے مالی قربانی کرنے والوں اور محترم پروفیسر ڈاکٹر میجر جنرل (ر) محمد مسعود الحسن نوری صاحب ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ اور ان کی ٹیم کی دن رات انتھک محنت اور لگن کی وجہ سے ہے۔

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے انعامات اور ان ترقیات کا اللہ تعالیٰ کے حضور شکر ادا کرنے کے لئے مورخہ 17 جون 2008ء کو طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کے کانفرنس روم میں بعد نماز مغرب ایک دعائیہ تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں محترم ڈاکٹر ایم ایم نوری صاحب محترم میر محمود احمد صاحب ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر THI اور کیتھ لیب کے ڈاکٹرز اور عملہ نے شرکت کی۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی محترم چوہدری سلیم الدین صاحب ناظر امور عامہ تھے۔ محترم ڈاکٹر نوری صاحب نے مذکورہ بالا ترقیات کا مختصراً تذکرہ کیا اور شرکاء مجلس کا تعارف کرایا۔ محترم مہمان خصوصی نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے موصولہ خط پڑھ کر سنایا، چند نصائح کیں اور دعا کروائی۔ بعدہ جملہ مہمانان کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

اس تقریب کے بعد محترم ڈاکٹر محمد مسعود الحسن نوری صاحب ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ نے روزنامہ الفضل کے گروپ کو بریفنگ دی۔ اس گروپ میں مندرجہ ذیل احباب شامل تھے۔

☆محترم عبدالسمیع خان صاحب ایڈیٹر

☆خاکسار فخرالحق شمس نائب ایڈیٹر

☆محترم منیر احمد رشید صاحب معاون ایڈیٹر

اس بریفنگ میں محترم نوری صاحب نے طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کا تعارف اور گزشتہ 8،7 ماہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہونے والے فضلوں کے بارے میں بتایا۔ مندرجہ ذیل معلومات اسی بریفنگ پر مشتمل ہیں۔

طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ دو حصوں ایڈمنسٹریشن اور پروفیشنلز پر مشتمل ہے اور پروفیشنلز کے حصہ میں ڈائیگناسٹک اینڈ انٹرونشنل پروسیجرز (انجیوگرافی، انجیو پلاسٹی، پیس میکر) اور نان انویسو پروسیجرز (ای ٹی ٹی، ایکو، ای سی جی) ہیں۔ دل کے اس ہسپتال میں کل 16 ڈاکٹرز خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ جن میں تین سپیشلسٹ 5 رجسٹرار اور 8 میڈیکل آفیسرز ہیں۔ ان کے علاوہ 19 نرسز بھی موجود ہیں۔

طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں ہونے والی انجیوگرافی اور انجیو پلاسٹی کے بعد صحت یابی کی شرح خدا کے فضل سے بہت زیادہ ہے۔ جس کے بعد کوئی ری ایکشن، بخار یا پیچیدگی پیدا نہیں ہوتی۔ یہ آپریشنز 50 فیصد سے زیادہ غیر از جماعت کے ہوئے ہیں اور وہ بہت اچھا تاثر لے کر گئے ہیں۔ زیادہ سہولتوں اور کم فیس کے لحاظ سے یہ پاکستان کے اکثر ہسپتالوں سے بہت بہتر ہے۔ جس اعلیٰ کوالٹی کے ڈسپوزایبل سامان کا وعدہ کیا جاتا ہے وہی استعمال ہوتا ہے۔

مختلف شعبہ جات میں سہولتوں اور سامان کے میسر ہونے کے باوجود ابھی 60 ڈاکٹرز اور 60 نرسز کی مزید ضرورت ہے۔ آجکل کام کرنے والے ڈاکٹرز صرف 30 فیصد ضرورت پوری کر رہے ہیں۔ اس کمی کے باوجود دن رات کی محنت سے ترقیات حاصل کی جارہی ہیں۔ ان میں سے چند کا ذکر درج ذیل ہے۔

☆ای ٹی ٹی۔117

☆ایکو۔2160

☆ای سی جی۔8497

☆ایمبولینس وزٹس۔772

☆فزیوتھراپی کے مریض۔1879

☆جمنیزیم کے ممبرز۔173

☆فارمیسی میں آنے والے مریضوں کی تعداد۔ 19053

☆لانڈری کے واش ہونے والے آئٹمز۔ 76233

☆انشاء اللہ اسی سال (2008ء) طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں بائی پاس آپریشنز بھی شروع ہو جائیں گے۔

طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں خدمات سرانجام دینے والے ڈاکٹرز کی مندرجہ ذیل لسٹ دعا کی غرض سے دی جا رہی ہے۔ ان میں سے بعض نے کچھ وقت کے لئے خدمات سرانجام دیں۔ اللہ تعالیٰ سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

☆محترم پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود الحسن نوری صاحب۔ ایڈمنسٹریٹر/ ماہر امراض قلب

☆محترم سید میر محمود احمد صاحب۔ ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر وانچارج ایڈمنسٹریشن

☆محترم ڈاکٹر انوارالدین صاحب۔ ڈائریکٹر پروفیشنلز ونرسنگ سروسز/ ماہر امراض قلب

☆محترم ڈاکٹر محمد عطاء الانور خالد صاحب نوری انچارج کارڈیک سرجیکل ڈیپارٹمنٹ، آپریشن تھیٹر، ICU، فارمیسی

☆محترم ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب۔ وزیٹنگ کنسلٹنٹ FOH

☆محترمہ ڈاکٹر بشریٰ نادیہ صاحبہ۔ فزیشن انچارج

☆محترم ڈاکٹر مسعود راجہ صاحب۔ فزیشن

☆محترمہ ڈاکٹر راحت مرزا صاحبہ۔ رجسٹرار

☆محترم ڈاکٹر مبشر احمد صاحب۔ رجسٹرار۔ انچارج انجیوگرافی ڈیپارٹمنٹ

☆محترم ڈاکٹر امتیاز احمد صاحب۔ رجسٹرار۔ انچارج ایکسرے ڈیپارٹمنٹ

☆محترمہ ڈاکٹر مریم مبشر صاحبہ۔ میڈیکل آفیسر۔ انچارج پیتھالوجی ڈیپارٹمنٹ

☆محترم ڈاکٹر حامد احمد خان صاحب میڈیکل آفیسر

☆محترم ڈاکٹر منیر احمد صاحب اورکزئی۔ میڈیکل آفیسر

☆محترمہ زاہدہ حمید صاحبہ۔ میڈیکل آفیسر

☆محترمہ نفیسہ نرگس صاحبہ۔ میڈیکل آفیسر

☆محترمہ نائمہ مظفر گوندل صاحبہ۔ میڈیکل آفیسر

☆محترمہ عائشہ نوری صاحبہ۔ میڈیکل آفیسر

☆محترمہ صائمہ خالد صاحبہ۔ میڈیکل آفیسر

☆محترم ڈاکٹر کاشف ندیم صاحب (کچھ وقت کے لئے خدمت انجام دی)

☆محترم ڈاکٹر فرحان احمد باجوہ صاحب (کچھ وقت کے لئے خدمت انجام دی)

☆محترم ڈاکٹر حامد مسعود باجوہ صاحب (کچھ وقت کے لئے خدمت انجام دی)

☆محترم ڈاکٹر ظفر اللہ صاحب (کچھ وقت کے لئے خدمت انجام دی)

☆محترمہ امۃ النصیر نبیلہ صاحبہ کلینیکل نیوٹریشنسٹ

☆کیتھرین مونینہ صاحبہ (Catherin Monana) نرسنگ پروفیشنلز سروسز

☆محترم ڈاکٹر غلام احمد فرخ صاحب۔ کمپیوٹر پروگرامنگ (انچارج کمپیوٹر سیکشن صدر انجمن احمدیہ)

☆محترمہ آمنہ خالد نوری صاحبہ۔ بایو انفرمیٹو

محترم نوری صاحب نے بریفنگ کے بعد طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کے وارڈز اور مختلف شعبہ جات بھی دکھائے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ سالانہ امریکہ کے موقع پر اپنے اختتامی خطاب فرمودہ 22 جون 2008ء میں طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کا ذکر فرمایا۔ حضور انور نے فرمایا طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ کی تعمیر میں جماعت احمدیہ امریکہ نے 60 فیصد سے زیادہ مالی قربانی میں حصہ لیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو اس کا بہترین اجر عطا فرمائے۔ یہ ہسپتال ضرورتمندوں اور مستحقین کے لئے بنایا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ اس ہسپتال کو حضور انور کی اس خواہش کے مطابق خدمات سرانجام دینے کی توفیق عطا فرمائے اور جملہ خدمت کرنے والوں کو احسن جزا عطا فرمائے۔ آمین

مکرم ضیاء الدین ضیاء صاحب

رفیق حضرت مسیح موعود اور کشمیر کے پہلے مربی

حضرت حکیم مولوی نظام الدین صاحب

میرے والد حضرت حکیم مولوی نظام الدین صاحب 1885ء میں ایک معزز زمیندار گھرانے میں محترم چوہدری عبدالکریم صاحب کے ہاں کھیراں والی نزد کپورتھلہ شہر میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم آپ نے کپورتھلہ میں ہی حاصل کی۔ آپ 8 سال کے تھے تو اپنے والد بزرگوار کے ساتھ موگا فیروزپور تشریف لے گئے۔ آپ کے والد محترم کا اچانک انتقال ہوگیا۔ آپ کے والد محترم کے ایک دوست ان کو ان کے گاؤں کھیراں والی میں آپ کی والدہ ماجدہ کے پاس چھوڑ گئے۔ کچھ عرصہ کے بعد آپ کی والدہ بھی اللہ تعالیٰ کو پیاری ہوگئیں۔

ایک جمعۃ المبارک کے دن آپ اپنے استاد کے ساتھ کپورتھلہ شہر گئے اور نماز جمعہ کے لئے جامع مسجد کپورتھلہ میں تشریف لے گئے۔ جہاں پر خطبہ میں مولوی صاحب نے حضرت مسیح موعود کے خلاف نازیبا الفاظ کہے۔ جس پر چند دوست مسجد سے اٹھ کر چلے گئے۔ آپ کے استاد نے لوگوں سے دریافت کیا یہ لوگ نماز پڑھے بغیر کیوں چلے گئے۔ اس پر ایک شخص بولا یہ لوگ احمدی ہیں۔ چونکہ مولوی صاحب نے مرزا صاحب کی شان میں نازیبا باتیں کی ہیں اس لئے یہ لوگ اٹھ کر چلے گئے ہیں اور اب یہ مہاراجہ کپورتھلہ کے شاہی بگھی خانہ میں جا کر نماز ادا کریں گے کیونکہ وہاں کے افسر اعلیٰ ایک احمدی ہیں۔

یہ سن کر آپ بھی اپنے استاد کے ساتھ اٹھ کر بگھی خانہ تشریف لے گئے اور نماز جمعہ ادا کی۔ نماز سے فارغ ہو کر اپنا تعارف کرایا اور جماعت کا لٹریچر لے کر گاؤں تشریف لے آئے۔ سردیوں کی لمبی راتیں تھیں۔ لٹریچر پڑھنے کے بعد فیصلہ کیا کہ حضرت مسیح موعود کی خدمت میں بیعت کا خط لکھا جائے۔

جماعت کے ریکارڈ سے پتہ چلتا ہے کہ آپ نے تحریری بیعت بذریعہ خط 1902ء میں کی ہے اور حضرت مسیح موعود کے دست مبارک پر بیعت قادیان آ کر 1903ء میں کی۔

بیعت کے بعد آپ واپس اپنے گاؤں تشریف لے گئے جہاں پر ان دنوں طاعون کا زور تھا۔ آپ روزانہ 25,20 لوگوں کو دفنانے جاتے۔ چند دنوں میں گاؤں خالی ہوگیا۔ آپ کے بھی عزیز و اقارب لقمہ اجل بن گئے۔ صرف ایک بڑی بہن زندہ رہیں۔ جو بعد میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ہاتھ پر بیعت کر کے احمدیت میں شامل ہوگئیں۔ آپ گاؤں کو الوداع کر کے لاہور شہر میں اپنے ایک چچا کے پاس تشریف لے آئے۔ جو وہاں پر میڈیکل پریکٹس کرتے تھے۔ آپ نے لاہور میں مولوی فاضل کا امتحان پاس کیا اور ساتھ ہی ایک طبیہ کالج سے ممتاز الاطباء کی سند بھی حاصل کی۔ آپ اپنے چچا پر بوجھ نہیں بننا چاہتے تھے۔ اس لئے آپ محکمہ پولیس میں بھرتی ہوگئے۔ ابھی تھوڑا عرصہ گزرا تھا کہ حضرت مسیح موعود کی لاہور میں وفات ہوگئی۔ آپ اسی وقت اپنے ایک انگریز افسر کے پاس گئے اور رخصت مانگی۔ رخصت نہ ملنے پر آپ نے اسی وقت استعفیٰ لکھ کر صاحب بہادر کے آگے رکھ دیا اور سروس کو خیرباد کہہ کر حضرت مسیح موعود کے جنازہ میں شریک ہوئے اور حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے دست مبارک پر بیعت کر کے قادیان میں ہی حضور کے پاس رہ کر قرآن کریم اور دینی تعلیم کے علاوہ طب بھی پڑھی۔

1908ء کا ہی واقعہ ہے کہ آپ نے ایک کشفی نظارہ دیکھا کہ بہت سے لوگ بیت الذکر قادیان میں جمع ہیں۔ اس جگہ ایک جنازہ ہے۔ جو صحن میں پڑا ہوا ہے لوگوں نے خلیفۃ المسیح کا انتخاب کرنا ہے۔ مگر چند لوگ مجلس سے اٹھ کر باہر چلے گئے ان میں مولوی محمد علی صاحب اور خواجہ کمال الدین صاحب بھی ہیں۔ ایک فرشتہ سفید لباس میں ان کے سروں پر منڈلا رہا ہے اور ان کی طرف اشارہ کر کے کہتا ہے۔ افسوس ان لوگوں پر کہ انہوں نے تکبر کیا ہے۔ تکبر کیا ہے۔ تکبر کیا ہے۔ چنانچہ اس واضح اور قبل از وقت خواب کی بنا پر خلافت ثانیہ کی برضا و رغبت بیعت کی اور اس طرح سے آپ کا کشف حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے وقت پورا ہوگیا۔

بیعت کے بعد آپ نے اپنے آپ کو خدمت دین کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں پیش کر دیا۔

سب سے پہلے آپ کی تعیناتی بطور مربی سلسلہ لائل پور حال فیصل آباد میں ہوئی۔ اس کے بعد دھرم کوٹ بگہ اور زیرہ میں تعینات رہے۔ پھر کچھ عرصہ قادیان میں رہنے کے بعد آپ کو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ارشاد پر جموں کشمیر میں بطور مربی بھجوا دیا گیا۔ آپ 23/اپریل 1917ء کو اکھنور کشمیر میں جماعت کے پہلے مربی کی حیثیت سے تشریف لے گئے۔

جون 1917ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ارشاد پر آپ قادیان تشریف لے آئے اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے آپ کا نکاح 11 جون 1917ء کو محترمہ صاحبزادی مریم بیگم صاحبہ کے ساتھ پڑھایا۔ آپ حضرت منشی ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب آف کپورتھلہ کی بیٹی اور حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب آف کپورتھلہ کی پوتی تھیں۔ حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب کا اصل وطن ہندوستان میں سراوہ تحصیل ہاپوڑ ضلع میرٹھ تھا۔ آپ 1862ء میں اپنے والد محترم کے ساتھ پنجاب میں ریاست کپورتھلہ ہجرت کر کے آگئے اور آپ نے ریاست میں گورنمنٹ سروس کر لی۔

آپ کمانڈر انچیف کی پیشی میں کام کرتے رہے اور بطور نائب تحصیلدار بھی فرائض سرانجام دیتے رہے۔ آپ کی والدہ محترمہ آپ کی پیدائش پر ہی انتقال کر گئی تھیں۔ قادیان کے قیام کے دوران آپ پہلے محلّہ دارالعلوم اور بعد میں محلّہ دارالرحمت میں قیام پذیر رہیں۔ آپ جب کبھی بہشتی مقبرہ قادیان تشریف لے جاتیں تو واپسی پر آپ جو بہشتی مقبرہ قادیان کے قریب کے محلّہ میں رہائش پذیر اپنی پھوپھیوں کو ملنے کے لئے جایا کرتی تھیں۔ بڑی پھوپھی کا نام آپا ہاجرہ تھا اور چھوٹی پھوپھی کا نام آپا امۃ اللہ تھا۔ آپا ہاجرہ حضرت ام وسیم احمد صاحب کے ہاں حضور کے لئے کھانا پکایا کرتی تھیں۔ آپ کی بڑی بیٹی سراج بی بی صاحبہ ایک لمبا عرصہ ربوہ میں حضرت سیدہ ام متین صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ پاکستان کے ساتھ کام کرتی رہی ہیں۔

آپا امۃ اللہ صاحبہ کے بارے میں حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ نے اس عاجز کو بتلایا کہ آپ کا ایک بیٹا سعید احمد اور دو بیٹیاں تھیں۔ وہ چھوٹی عمر میں ہی اپنے والد کی محبت سے محروم ہوگئے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے اپنے احباب سے پوچھا ان بچوں کی کون پرورش کرے گا۔ اس پر حضرت نواب محمد علی صاحب نے فرمایا۔ حضور ہم ان بچوں کی پرورش اپنے بچوں کے ساتھ کریں گے اور نواب صاحب نے مجھے حضور کا پیغام دیا۔ میں نے کہا میں اور آپ دونوں مل کر ان بچوں کی پرورش کریں گے جیسے اپنے بچوں کی کریں گے اور انشاء اللہ حضور کو کسی شکایت کا موقع نہیں دیں گے۔ اسی طرح بیگم صاحبہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے مجھے ان بچوں کے بارے میں بتلایا اور فرمایا آجکل کراچی میں رہتے ہیں۔ صاحبزادی مریم بیگم صاحبہ بہشتی مقبرہ سے واپسی پر آپ پھوپھیوں سے ملنے کے بعد اپنے ماموں حضرت پیر افتخار احمد صاحب کے ہاں بھی ضرور جاتی تھیں اور کبھی وقت ملے تو حضرت پیر منظور محمد صاحب اور حضرت اماں جی حرم حضرت خلیفۃ المسیح الاول اور ان کے علاوہ تھوڑی دیر کے لئے حضرت احمد نور کابلی جو رشتے میں آپ کے پھوپھا لگتے تھے اور یہ وہی بزرگ ہیں جو صاحبزادہ عبداللطیف شہید کو کابل میں سنگسار کئے جانے کے بعد ان کی نعش مبارک کو پتھروں سے نکال کر آپ کے وطن خوست لائے تھے۔

حضرت حکیم مولوی نظام الدین صاحب اور آپ کی بیگم صاحبہ کے حالات محترم خواجہ عبدالغفار صاحب ڈار نے اپنی کتاب ''داستان کشمیر'' میں بیان کئے ہیں۔ مولوی صاحب کی بیگم صاحبہ نے ریاست کے محکمہ تعلیم میں سروس کر لی اور کشمیر کے مختلف شہروں میں گرلز پرائمری سکولوں کا آغاز کیا۔ کشتوار، بھورواہ، ڈوڈا، شوپیاں، یاڑی پورہ، آسنور، بھمبر اور آخر میں آپ کی ٹرانسفر جموں شہر کے گرلز ہائی سکول میں بطور ٹیچر ہوگئی۔ آپ نے مسلمان گھرانوں کی لڑکیوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کیا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی ہدایت پر آپ نے کشمیری خواتین میں شلوار، قمیص اور دوپٹہ کے استعمال کو رائج کیا۔ اس زمانہ میں خواتین میں زیادہ تر پیرہن جسے کشمیری زبان میں پھرن کہتے ہیں۔ اس کا رواج تھا۔ آپ نے جگہ جگہ اہتمام کے ساتھ قرآن مجید کی تعلیم بچیوں میں جاری کی اور دینیات پڑھانے کا اعزاز بھی آپ کے حصہ میں آیا اسی طرح حضرت حکیم مولوی نظام الدین صاحب نے کشمیر کے قیام کے دوران علمی کام بھی سرانجام دیا۔ آپ نے حضرت مسیح کے سلسلہ میں ایک تحقیقاتی رسالہ بھی شائع کیا۔ اسی طرح 1932ء میں ''المسیح الموعود و المهدی المسعود'' نامی کتاب بھی 4 ہزار کی تعداد میں شائع کی۔ آپ نے وادی کشمیر میں 14 سال کے طویل عرصہ میں دعوت الی اللہ کا فریضہ سرانجام دیا۔ اس کے بعد آپ وادی سے شفٹ ہو کر جموں شہر میں تشریف لے آئے۔

تحریک آزادی کشمیر کا غلغلہ تھا۔ آپ کے مخالفوں نے آپ کے خلاف حکومت میں مخبری کر دی۔ آپ کے نام وارنٹ گرفتاری جاری ہوئے۔ کسی طرح سے اس کا علم خلیفہ عبدالرحیم صاحب کو ہوگیا۔ انہوں نے مشورہ دیا۔ آپ فوری طور پر قادیان تشریف لے جائیں اور سواری کے لئے ایک گھوڑا بھی مہیا کیا۔ آپ اکیلے ہی قادیان دارالامان تشریف لے آئے اور محلّہ دارالعلوم قادیان میں رہائش اختیار کر لی۔

کچھ عرصہ بعد حکومت نے آپ کی بیگم صاحبہ کو سروس سے معطل کر دیا۔ آپ بھی بچوں کو لے کر قادیان تشریف لے آئیں۔

چند سال ہوئے خاکسار قادیان گیا نماز عصر سے فارغ ہو کر سیڑھیوں سے نیچے اتر رہا تھا۔ ایک دوست ملے۔ خاکسار نے اپنا تعارف کرایا تو انہوں نے مجھے گلے لگا لیا اور اپنے ساتھ مہمان خانے میں لے گئے انہوں نے بتلایا میرا نام خواجہ عبدالحمید ٹاک ہے۔ میں خواجہ عبدالسلام کا بھائی ہوں۔ آجکل میں صوبائی امیر کشمیر کے فرائض سرانجام دے رہا ہوں۔ جماعتی کام کے لئے میں حضرت صاحبزادہ مرزا وسیم احمد ناظر اعلیٰ قادیان سے ملنے آیا تھا۔ کل واپس کشمیر جا رہا ہوں۔ انہوں نے بتلایا کہ میری والدہ آپ کو اور آپ کے بڑے بھائی چوہدری صلاح الدین صاحب کو بہت یاد کیا کرتی تھیں۔ انہوں نے بتلایا جب میں پیدا ہوا تھا تو میری گردن اکڑی ہوئی تھی۔ میں کچھ کھا پی نہیں سکتا تھا۔ میری والدہ حضرت مولوی صاحب کے پاس گئیں۔ انہوں نے تسلی دی اور فرمایا میں دعا کروں گا۔ اللہ نے چاہا تو بچہ بالکل ٹھیک ہو جائے گا اور مولوی صاحب نے چشمہ سے پانی منگوایا دعا کر کے دم کیا اور ایک بوتل میں پانی ڈال کر دے دیا اور فرمایا صرف یہ پانی پلانا اور کچھ نہ دینا۔ جب پانی ختم ہونے کو آئے تو اس

میں چشمہ سے پانی منگوا کر اور ڈال دینا وہی دیتے رہنا۔

مولوی صاحب کی دعا سے اور اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم سے میں بالکل ٹھیک ہوگیا۔ میری والدہ صاحبہ نے یہ واقعہ مجھے سنایا تھا۔ اس لئے آپ دونوں بھائیوں کا گھر میں ذکر ہوتا رہتا تھا۔

جلسہ سالانہ پر مجھے ایک بزرگ ملے جو کشمیر کے رہنے والے تھے۔ انہوں نے بتلایا۔ ایک دفعہ ہمارے گاؤں میں ایک نامور مخالف آئے ہوئے تھے انہوں نے ایک جلسہ کیا اور کہنے لگے ''ہے کوئی مرزائی جو میرا مقابلہ کرے'' انہی دنوں اتفاق سے حضرت مولوی صاحب بھی ہمارے گاؤں تشریف لائے ہوئے تھے اور جلسہ میں شریک تھے۔ مولوی صاحب فوراً اٹھ کر بولے شاہ صاحب میں حضرت مسیح موعود کا ایک ادنیٰ خادم ہوں۔ آپ میرے ساتھ مقابلہ کرلیں۔ علمی مباحثہ ہو یا جسمانی کشتی میں ہر دو مقابلوں کے لئے تیار ہوں۔ مخالف نے کہا ٹھیک ہے کل اسی جگہ پر اسی وقت پر لوگ پھر اکٹھے ہو جائیں۔ میرا مقابلہ اس مرزائی سے ہوگا۔ اگلے روز لوگ وقت مقررہ پر اکٹھے ہوگئے حضرت مولوی صاحب بھی تشریف لے آئے۔ لیکن مخالف کہیں نظر نہیں آرہے تھے۔ آخر ایک شخص کو ان کی طرف بھیجا۔ گھر والے کہنے لگے وہ تو صبح سویرے ہی اپنا بوریا بستر لے کر کسی اور گاؤں چلے گئے تھے۔

کشمیر کا ہی ایک واقعہ اور بیان کئے دیتا ہوں۔ ایک شخص حضرت مسیح موعود کی شان میں بہت گستاخی کیا کرتا تھا۔ حضرت مولوی صاحب نے اسے سمجھایا اور کہا اللہ سے ڈرو ایسا نہ ہو تم کسی مصیبت میں پھنس جاؤ۔ لیکن وہ شخص مزید گستاخ ہوگیا۔ تب حضرت مولوی صاحب نے اس کو آخری بار پھر محبت اور پیار سے سمجھایا۔ اللہ تعالیٰ کا کرنا کیا ہوا۔ جب وہ کھانا کھانے لگتا تو اس کے کھانے میں ریت آجاتی، اس کے بیوی بچے کہتے ہمارے کھانے میں تو کوئی ریت وغیرہ نہیں آتی۔ آپ کے کھانے میں ریت کہاں سے آجاتی ہے۔ آخر جب وہ بھوکا مرنے لگا تو اس کی بیوی نے اس سے کہا جاؤ جا کے مولوی صاحب سے معافی مانگو، آخر کار وہ حضرت مولوی صاحب کے پاس آیا اور معافی مانگی۔ حضرت مولوی صاحب نے فرمایا تم عہد کرو کہ آئندہ کبھی بھی کوئی ایسی بات نہیں کرو گے اور اللہ تعالیٰ سے استغفار کرو۔ تو پھر انشاء اللہ تمہارے کھانے میں ریت نہیں آئے گی۔ اس دن کے بعد اس نے حضرت مسیح موعود کی شان میں کوئی گستاخانہ کلمہ نہیں کہا۔

کشمیر کے قیام کے دوران آپ کے ہاں تین بیٹے اور دو بیٹیاں پیدا ہوئیں۔ جن میں سے ایک بیٹا چھوٹی عمر میں ہی اللہ تعالیٰ کو پیارا ہوا۔ جس کا نام جلال الدین تھا اور دو بیٹے اور دو بیٹیاں کشمیر سے قادیان دارالامان اپنے والدین کے ساتھ آگئیں اور تقسیم کے وقت آپ سب قادیان سے ہجرت کر کے پاکستان تشریف لے آئے۔

حضرت مولوی صاحب کی اہلیہ محترمہ چونکہ گورنمنٹ سروس کرتی تھیں اور گھر کے اخراجات ان کی تنخواہ سے ہی پورے ہو جاتے تھے۔ اس لئے حضرت مولوی صاحب نے حضور کی خدمت میں عرض کی مجھے انجمن کی ملازمت سے سبکدوش کر دیا جائے۔ میں بطور مربی اپنے فرائض اسی طرح ادا کرتا رہوں گا۔ لیکن انجمن سے کوئی تنخواہ یا وظیفہ نہیں لوں گا بلکہ آنریری کام کروں گا۔ حضور نے از راہ شفقت آپ کی درخواست منظور فرمائی۔ اس طرح سے آپ آنریری مربی کے طور پر خدمات بجالاتے رہے۔

جب آپ جموں سے قادیان تشریف لے آئے تو وہاں پر آپ نے اپنا مطب کھول لیا۔ آپ کا مطب دارالعلوم میں تھا۔ آپ کے مطب پر اکثر حضرت مفتی محمد صادق صاحب تشریف لایا کرتے تھے۔ آپ کے ساتھ عبدالغنی صاحب مقرر ہوئے تھے جو مکرم و محترم محمد احمد ثاقب صاحب کے ماموں تھے۔ ان کی بیگم صاحبہ کریلے بڑے مزیدار پکایا کرتیں۔ حضرت مفتی صاحب کو بھی ان کے ہاتھ کے پکے کریلے بہت پسند تھے وہ بڑے شوق سے کریلوں کی فرمائش کرتے اور دوپہر کا کھانا تناول فرماتے۔

حضرت مولوی صاحب کے مطب میں حضرت مفتی صاحب زیادہ تر حضرت مسیح موعود کے بارے میں گفتگو فرماتے۔ حضرت مفتی صاحب اپنے گھر سے صبح سیر کے لئے نکلتے اور دارالعلوم میں پہنچ کر حضرت مولوی صاحب کے گھر سے واپس پیدل ہی گھر لوٹتے تھے۔ آپ کی سیر بھی ہو جاتی اور دینی مجلس بھی ہوتی اور تبادلہ خیال بھی ہو جاتا اور ایک دوسرے کی خیریت بھی معلوم کر لیتے۔

اسی طرح سے ملک سیف الرحمٰن صاحب جو ربوہ میں پرنسپل جامعہ احمدیہ اور مفتی سلسلہ رہے ہیں۔ قادیان میں زمانہ طالب علمی کے دوران حضرت مولوی صاحب کے پاس تشریف لایا کرتے تھے اور فقہی مسائل پر گفتگو کرتے تھے۔

آپ کو قرآن کریم پڑھنے پڑھانے کا بہت شوق تھا بلکہ عشق کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ آپ کے پاس اکثر بچے قرآن کریم پڑھنے آیا کرتے تھے۔ قادیان کا ایک واقعہ مجھے بہت اچھی طرح سے یاد ہے۔ جب حضرت حافظ مرزا ناصر احمد (خلیفۃ المسیح الثالث) لندن سے پڑھ کر واپس قادیان تشریف لائے اور استقبال کے لئے ہم لوگ ریلوے سٹیشن پر گئے تو اگلے روز بچوں کو کہنے لگے۔ میں تمہیں بتلا دوں کہ آئندہ خلیفہ صاحبزادہ مرزا ناصر احمد ہوں گے۔ اس لئے ان کی بہت عزت اور احترام کیا کرو۔ یہ عام انسان نہیں ہیں اور کہا کہ عبدالرحمٰن مصری میں مجھے تکبر اور منافقت کی بو آتی ہے۔ یہ شخص کینہ پرور ہے۔ اللہ جانے یہ دونوں باتیں آپ نے کس بنا پر کہیں۔ عبدالرحمٰن مصری کا تو پول قادیان میں ہی کھل گیا اور دوسری بات حضرت مرزا ناصر احمد صاحب کے متعلق ربوہ میں آکر پوری ہوگئی۔

اسی طرح آپ نصیحت فرماتے کہ آپ لوگوں نے حضرت مسیح موعود کی بیعت کی ہے اور تجدید بیعت خلیفہ وقت کی، کی ہے اس لئے آپ پر خلیفہ وقت کی اطاعت ضروری ہے۔ اگر خدا نہ کرے خاندان کے کسی فرد میں آپ کو کوئی کمزوری نظر آئے تو وہ اس کی ذاتی کمزوری ہوگی۔ آپ نے اس کو نہیں دیکھنا بلکہ جس کی بیعت کی ہے اس کو دیکھنا ہے۔

آپ نماز مغرب اکثر بیت المبارک میں جا کر حضور کے پیچھے ادا کرتے۔ آپ کو قرآن کریم احادیث کے علاوہ حضرت مسیح موعود کی کتب سے بھی عشق تھا۔ آپ رات گئے تک کتب کا مطالعہ کرتے ان دنوں قادیان میں بجلی نہیں تھی گلوب والا لیمپ ہوتا تھا۔ اس کی روشنی میں کتابیں پڑھتے۔ اس کے علاوہ سلسلہ کے اخبارات اور رسائل بھی باقاعدگی سے خرید کر پڑھتے۔ الفضل کے علاوہ اخبار فاروق اور ریویو آف ریلیجنز وغیرہ بھی مطالعہ کرتے۔ اس کے علاوہ تمام تحریکات میں بھی حسب توفیق حصہ لینا اور ہر ہفتہ دعا کے لئے حضور کی خدمت اقدس میں لکھتے رہنا آپ کے کام تھے۔ آپ بہت ہی سادہ طبیعت اور صابر اور قناعت پسند انسان تھے۔ آپ سلسلہ کی کتابیں خریدتے اور پھر ایک ایک صفحہ درست کر کے عبداللہ جلد ساز کو جلد بندی کے لئے دیتے اسی طرح اخبارات کی بھی جلد بندی کرواتے۔ آپ کی لائبریری میں جماعت کی کتابوں کے علاوہ دوسری علمی کتابیں بھی موجود تھیں۔

کشمیر کا ایک واقعہ ہے جب آپ نئے نئے اکھنور تشریف لے گئے ایک رات چور آگئے وہ گھر کا سارا سامان لے گئے۔ جن بکسوں میں کتابیں تھیں وہ بھی لے گئے۔ جب آپ کی آنکھ کھلی تو چور بھاگ گئے اور جاتے ہوئے باہر سے کنڈی لگا گئے۔ آپ کے آواز دینے پر لوگ آگئے لوگوں نے کہا مولوی صاحب ابھی رات ہے رات کے وقت چوروں کا پیچھا کرنا مناسب نہیں صبح چلیں گے۔ صبح فجر کی نماز سے فارغ ہو کر آپ دریا کی طرف گئے۔ دریا کے کنارے آپ کی کتب پڑی ہوئی تھیں۔ چور سب سامان لے گئے۔ بیگم صاحبہ کے زیورات اور قیمتی کپڑے بھی لے گئے۔ لیکن کتابیں چھوڑ گئے۔ آپ نے اللہ کا شکر ادا کیا کہ میری کتابیں مجھے مل گئی ہیں۔

مجھے بہت اچھی طرح سے یاد ہے جب میں چھوٹا تھا قادیان محلّہ دارالرحمت میں ہماری رہائش تھی۔ ہمارے گھر ایک بھینس ایک گائے اور دو بکریاں ہوا کرتی تھیں۔ امی جان اکثر مجھے تازہ مکھن دے کر حضرت اماں جان کے ہاں بھجوایا کرتی تھیں۔ ایک روز جب میں مکھن لے کر حضرت اماں جان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ تو اسی دوران حضرت خلیفۃ المسیح الثانی بھی حضرت اماں جان کے پاس تشریف لے آئے۔ آپ کے ایک ہاتھ میں ایک پلیٹ میں سالن اور دوسرے ہاتھ میں روٹی تھی۔ حضرت اماں جان نے حضور کو فرمایا۔ محمود ایک لقمہ بطور تبرک اس بچے کو بھی دو۔ حضور نے ایک لقمہ روٹی کا توڑ کر سالن لگا کر مجھے دے دیا۔ حضرت اماں جان فرمانے لگیں محمود ایسے نہیں ایک لقمہ لو اور اپنے دانتوں سے آدھا لقمہ توڑ کر بچے کو اپنے ہاتھ سے کھلاؤ۔

جب پاکستان بن گیا۔ حضرت مولوی صاحب بھی ہجرت کر کے پاکستان تشریف لے آئے۔ آپ کو سیالکوٹ کے کسی گاؤں میں زمین اور ایک آٹا پیسنے کی چکی الاٹ ہوئی۔ لیکن آپ کو گاؤں پسند نہ آیا۔ آپ لاہور تشریف لے آئے۔ بیگم کوٹ نزد شاہدرہ میں آپ کو زمین اور مکان الاٹ ہوئے۔ آپ بیگم کوٹ تو آگئے لیکن دل بہت اداس تھے۔ قادیان چھوٹنے کا غم اندر ہی اندر آپ کو کھائے جا رہا تھا۔ آپ واپس قادیان جانا چاہتے تھے۔ آپ نے اپنا پاسپورٹ بنوایا لیکن حالات نے اجازت نہ دی۔

آپ نے جماعت بیگم کوٹ کے نام سے جماعت قائم کی۔ آپ جماعت کے صدر اور سیکرٹری کمال منتخب ہوئے اور ربوہ ہجرت تک آپ نے ہی یہ ذمہ داریاں سنبھالے رکھیں۔ آپ نے دو نماز سنٹر قائم کئے اور ایک سنٹر نماز جمعہ کے لئے مخصوص کیا۔ فیکٹری ایریا شاہدرہ اور قریب کی آبادی کے لئے شاہدرہ موڑ پر سنٹر بنایا اور بیگم کوٹ اور قریب کے مضافات کے لئے بیگم کوٹ موڑ پر سنٹر بنایا۔ نماز جمعہ شاہدرہ موڑ کے سنٹر پر ہی ادا کی جاتی تھی۔

1953ء کے فسادات کا ذکر ہے۔ فیکٹری ایریا شاہدرہ کے دوست احباب حضرت مولوی صاحب کے گھر پر اکٹھے ہوگئے۔ ایک روز فیصل آباد کی طرف سے ایک جتھا آیا اور بیگم کوٹ موڑ پر لوگوں سے دریافت کرنے لگا کیا یہاں پر کوئی مرزائی ہے؟ لوگوں نے بتلایا وہ کونے والا مکان مرزائیوں کا ہے۔ جتھے کے چند لوگ بیگم کوٹ گاؤں میں بھی گئے اور وہاں بھی لوگوں سے پوچھنے لگے کیا یہاں پر کوئی مرزائی رہتے ہیں؟ گاؤں میں ایک عورت نے ان سے طنزاً کہا۔ یہاں کیا کرنے آئے ہو پہلے موڑ والے بابا جی کے ساتھ تو نپٹ لو۔ پھر گاؤں میں آنا۔ یہ سن کر وہ لوگ واپس موڑ پر آگئے اور کوئی سکیم بنانے لگے۔ آخر انہوں نے فیصلہ کیا کہ بابا جی کے گھر پر حملہ کیا جائے۔

گھر کے دو حصے تھے۔ ایک بیرونی حصہ تھا جس میں مرد حضرات کو ٹھہرایا گیا تھا اور ایک اندرونی حصہ تھا جس میں مستورات کو ٹھہرایا گیا تھا۔ درمیان میں باغ تھا۔ یہ تقریباً 6 کنال میں پھیلا ہوا تھا۔ سڑک کی جانب کانٹے دار تار لگی ہوئی تھی۔ حضرت مولوی صاحب نے مردوں اور عورتوں کو ہدایت کی کہ کوئی مرد عورت گھر سے باہر نہ نکلے اور خود دونوں گھروں کے درمیان ایک چارپائی بچھا کر بیٹھ گئے اور قرآن کریم کی تلاوت شروع کر دی۔ جتھے والوں نے آپس میں مشورہ کر کے تین آدمیوں کو گھر میں داخل ہونے کے لئے کہا۔ تینوں نے تار نیچے کر کے ایک ایک ٹانگ گھر کے اندر کی۔ اس وقت حضرت مولوی صاحب نے بڑے رعب اور دبدبہ کے ساتھ ان کو للکارا اور کہا میں حضرت مسیح موعود کا شیر ہوں اگر ہمت ہے تو آگے بڑھو۔ وہ تینوں ایک دوسرے کے منہ کی طرف دیکھنے لگے اور محو حیرت ہوگئے۔ یہ بابا کیا چیز ہے۔

اسی وقت اللہ تعالیٰ کی نصرت بھی آگئی اور وہ لوگ

جو حملہ کرنے آئے دم دبا کر بھاگ گئے اور اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو دشمن کے شر سے محفوظ رکھا۔ ہوا یوں عین اس وقت ایک فوجی گاڑی آکر رکی۔ اس میں سے ایک کیپٹن اور چند فوجی گاڑی سے اترے اور سیدھے مولوی صاحب کے پاس آئے اور کیپٹن صاحب پوچھنے لگے باباجی یہ لوگ یہاں کیا کر رہے تھے۔ باباجی نے فرمایا ہم احمدی ہیں اور یہ لوگ ہم پر حملہ کرنے آئے تھے۔ آپ کو آتے دیکھ کر سب بھاگ گئے ہیں۔

کیپٹن صاحب نے کہا باباجی اگر آپ اجازت دیں تو ہم اپنا کیمپ آپ کے باغ کے اندر لگالیں۔ حضرت مولوی صاحب نے خوشی سے اجازت دے دی۔ کیمپ لگانے سے فارغ ہو کر کیپٹن صاحب نے باباجی سے کہا باباجی اگر کوئی ہمارے لائق خدمت ہو تو بتائیں۔ آپ نے فرمایا اردگرد دیہاتوں میں چند احمدی بھائی آباد ہیں۔ میں ان کی خیریت معلوم کرنا چاہتا ہوں۔ کیپٹن صاحب نے کہا کل صبح ہماری گاڑی شیخوپورہ جائے گی۔ آپ کو ساتھ لے جائے گی اور میں چند سپاہی آپ کو ہمراہ کر دوں گا۔ آپ جہاں چاہیں لے جاسکتے ہیں اور دوستوں کی خیریت معلوم کر سکتے ہیں۔ اگلے روز حضرت مولوی صاحب راستے میں خیریت معلوم کرتے ہوئے شیخوپورہ پہنچے وہاں پر امیر جماعت چوہدری انور حسین صاحب ایڈووکیٹ جو کہ مولوی صاحب کے دوست بھی تھے ان کے پاس پہنچے اور حالات بتلائے۔ اس طرح سے ہر دوسرے دن چکر لگا لیتے اور احمدی بھائیوں کی خیریت معلوم کر لیتے۔ کیپٹن صاحب نہایت ہی شریف اور نیک انسان تھے۔ انہوں نے کہا باباجی شہر میں کرفیو ہے۔ آپ کہیں آجا نہیں سکتے۔ میں آپ کو سبزی وغیرہ مہیا کر دیا کروں گا۔ چند روز ہوئے تو ایک دوست جن کا نام ابرار حسین تھا اور ماچس فیکٹری میں افسر تھے وہ کہنے لگے مولوی صاحب اللہ تعالیٰ نے معجزانہ طور پر ہماری حفاظت کا انتظام کر دیا ہے اور ساتھ ہی روزانہ سبزی وغیرہ مل جاتی ہے۔ لیکن اب آٹا بھی ختم ہو رہا ہے۔ اب کیا ہوگا۔

حضرت مولوی صاحب فرمانے لگے۔ میاں ابرار حسین جس اللہ تعالیٰ نے پہلے بھی ہماری مدد فرمائی ہے کیا وہ اب مدد نہیں فرمائے گا؟ انشاء اللہ وہ آٹے چینی کا بھی انتظام فرما دے گا۔

گھر کے قریب ہی خانہ بدوشوں کی جھونپڑیاں تھیں۔ رات کو ایک جھونپڑی میں آگ لگ گئی۔ آگ کے شعلے آسمان سے باتیں کرنے لگے۔ دریا پار سنت نگر میں آپ کی بڑی بہن رہتی تھیں۔ جب انہوں نے یہ آگ دیکھی تو کہنے لگیں۔ اللہ خیر کرے کہیں ظالموں نے میرے بھائی کے گھر کو آگ تو نہیں لگادی۔ رات بڑی بے چینی سے اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے بھائی کی خیریت کی دعائیں کرتے ہوئے گزاری اور صبح جب کرفیو میں نرمی ہوئی تو ساتھ والے راشن ڈپو والے کے پاس گئیں اور کہا بیٹا تم اس طرح کرو کچھ آٹا، چینی لے کر دریا کے پار بیگم کوٹ موڑ پر جاؤ، میرے بھائی کی خیریت معلوم کرنا اور آٹا چینی دے آنا۔ وہ نیک بخت نوجوان سائیکل پر آٹا چینی رکھ کر بیگم کوٹ آیا اور سارا ماجرا سنایا کہ کس طرح سے آپ کی بہن کو پتہ لگا اب میں واپس جا کر آپ کی بہن کو خیریت کی خبر دوں گا اور اللہ نے چاہا تو کل جب کرفیو ختم ہوگا تو آٹا چینی لے کر دوبارہ حاضر ہوں گا۔ اگلے روز وہ نوجوان اپنے ساتھ ایک اور دوست کو لے کر آیا اور آٹا چینی دے گیا۔

مولوی صاحب فرمانے لگے ابرار حسین اب بتلاؤ تم ایسے ہی پریشان ہو رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے صرف آٹے کا ہی نہیں بلکہ چینی کا بھی انتظام کر دیا ہے۔

اب بات یہاں پر ہی ختم نہیں ہو جاتی۔ تین ماہ بعد ایک شخص آیا اور کہنے لگا باباجی میں بھی اس جتھے میں شامل تھا جو آپ پر حملہ آور ہونے کے لئے آیا تھا، ہم لوگوں نے جب فوجیوں کو دیکھا تو ادھر ادھر بھاگ گئے۔ میں قسمت کا مارا پکڑا گیا مجھے 3 ماہ کی جیل کی سزا ہوگئی۔ اب جیل سے آرہا ہوں۔ آپ سے معافی مانگنے کے لئے حاضر ہوا ہوں۔ حضرت مولوی صاحب نے نہ صرف معاف کیا بلکہ اس کو کھانا بھی کھلایا اور سفر خرچ کے لئے فیصل آباد تک کا کرایہ بھی عطا فرمایا اور فرمایا بیٹا اللہ کے حضور استغفار کرو۔ وہی ہے معاف فرمانے والا۔ اسی کی طرف جھکو۔ وہ شخص یہ دیکھ کر حیران ہو گیا یہ کیسے لوگ ہیں اپنے دشمن کو معاف ہی نہیں کرتے بلکہ کھانا بھی کھلاتے ہیں اور سفر خرچ کے لئے رقم بھی دیتے ہیں۔ وہ شخص رو پڑا اور پاؤں چومنے لگا۔ آپ نے اسے اٹھایا اور محبت سے اس کو الوداع کیا اور بس سٹاپ پر چھوڑنے آئے۔

اللہ اللہ یہ ہیں وہ بزرگ رفقاء حضرت مسیح موعود جن کی تربیت حضرت مسیح موعود نے فرمائی۔ یہ ہستیاں اخلاق حسنہ کی زندہ جیتی جاگتی شخصیتیں ہیں۔ 1965ء کی جب جنگ ہوئی تو بہت سے مرد اور عورتیں جو احمدی نہیں تھے آپ کے ہاں پناہ گزین ہوگئے۔ آپ نے ان کے کھانے پینے اور رہائش کا انتظام کیا۔ جنگ کے بعد یہ لوگ اپنے اپنے گھروں کو لوٹ گئے اور بعض جاتی دفعہ اپنی امانتیں بھی چھوڑ کر چلے گئے کہ بعد میں آکر لے لیں گے۔ ان میں بعض 6 ماہ بعد اپنی امانت لینے کے لئے آگئے جو بحفاظت ان کو لوٹا دی گئی۔

